پاڻ سڳورا ﷺ قرضدارن جو قرض ڏيندا هئا، غلامن سان شفقت فرمائيندا هئا، هيٺن تي رحم ڪندا ۽ بيمارن کي دلاسو ڏيندا هئا. بيواهن جو سهارو بڻبا هئا، ڏوهارين کي معاف ڪري ڇڏيندا هئا. پاڻ سڳورا غلامن کي پنهنجي گهر جو ڀاتي سمجهندا هئا. غلامن لاءِ پاڻ تلقين ڪيائون تہ ”جهڙو توهين پهريو تهڙو انهن کي پهرايو جهڙو توهين کائو تہ تهڙو انهن کي بہ کارايو“ . پاڻ سڳورا پاڙيسرين جي سار سنڀال لهندا هئا. انهن جي حقن کي پورو ڪرڻ جو تاڪيد فرمائيندا هئا. نبي ڪريم ﷺ جن ٻارن سان ڏاڍو پيار ڪندا هئا، جيڪڏهن رستي ۾ ڪو ٻار ملندو هو تہ پهرين ان کي سلام ڪندا هئا. اسان کي گهرجي تہ پاڻ سڳورن ﷺ جن جي سنتن تي عمل ڪرڻ جي ڪوشش ڪريون.

(د) کیا آپ کو معلوم ہے کہ:

- طلبا کو اپنے خیالات کا موقع دیتے ہوئے کچھ سوالات کیجیے جن بچّوں کے جوابات درست نہ ہوں ان کی رہنمائی کیجیے۔ جن طلبا کے جوابات درست ہوں وہ تختۂ سیاہ پر لکھیے۔

۱۔ آپ ﷺ کا روضۂ اقدس مدینہ منورہ میں ہے۔

۲۔ ہم حج کرنے کے لیے مکہ معظّمہ جاتے ہیں۔

۳۔ ۱۲ ربیع الاوّل کو ہم عید میلاد النبی مناتے ہیں۔

(ہ) تصویر پہچان کر نام لکھیے:

(۱) خانۂ کعبہ (۲) روضۂ النبی ﷺ (۳) حجرِ اسود

## سرگرمیاں

- نظم کے نئے الفاظ کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے۔ ان الفاظ کے معنی سمجھائیے۔ طلبا وہ الفاظ خوشخطی کے طور پر اپنی کاپی میں لکھ کر لائیں گے۔

نئے الفاظ: گزارے، سپرد، سلجھے ہوئے، گندا

- طلبا کو آپ ﷺ کی زندگی کے متعلق مزید معلومات دیجیے۔ آپ ﷺ کے بچپن کے کچھ واقعات سنائیے۔ طلبا کو ہدایت کیجیے کہ وہ ایک سادہ کاغذ پر یہ واقعات لکھیں۔ طلبا اپنی عمر کے مطابق آپ ﷺ کی جن باتوں پر بآسانی عمل کر سکتے ہیں ان پر عمل کرنے کی نصیحت کیجیے۔

## حضور اکرم ﷺ کی زندگی سے متعلق کچھ باتیں:

حضرت محمد ﷺ تمام عالم کے لیے نیکی اور بھلائی کا سرچشمہ ہیں۔ آپ ﷺ کی سچائی اور دیانتداری کا اعتراف آپ کے سخت ترین دشمنوں نے بھی کیا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے زندگی کے دس سال آپ ﷺ کی خدمت میں گزارے، لیکن آپ ﷺ نے نہ کبھی ڈانٹا نہ ہی کبھی مارا۔

حضرت محمد ﷺ قرضداروں کے قرض ادا کرتے، غلاموں کے ساتھ شفقت کا رویہ اختیار فرماتے، کمزوروں پر رحم کرتے اور مریضوں کو دلاسا دیتے۔ بیواؤں کا سہارا بنتے، خطا کاروں کو معاف کر دیا کرتے تھے۔ غلاموں کے لیے آپ ﷺ نے تلقین کی کہ ''جو تم خود پہنو ویسا ہی ان کو پہناؤ۔ جیسا تم خود کھاؤ ویسا ہی ان کو کھلاؤ۔'' آپ ﷺ پڑوسیوں کا بھی خیال رکھتے تھے اور ان کے حقوق پورے کرنے کی تلقین کرتے تھے۔ نبی کریم ﷺ بچوں سے بہت پیار کیا کرتے تھے۔ اگر راستے میں کوئی بچہ ملتا تھا تو سلام میں پہل کرتے تھے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ آپ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## سبق ٽيون

# پيارو وطن

### مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگرد وطن جي صوبن ۽ ٻولين بابت ڄاڻ حاصل ڪري سگهن.
- پاڪستان جي اهميت کان واقف ٿين.
- وطن جي ماڻهن جي مهمان نوازيءَ بابت ڄاڻ حاصل ٿيندي.
- نوَن لفظن جي ڄاڻ وڌندي.

### امدادي سامان

- هڪ چارٽ تي وطن جي ماڳن جون تصويرون
- هڪ چارٽ تي ڏکيا لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح طور تي لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3، صفحو نمبر 15

### سکيا جو طريقو

- آمادگي جا سوال: (1) اسان ڪهڙي شهر ۾ رهون ٿا؟ ڪراچيءَ ۾ (2) ڪراچي شهر ڪهڙي صوبي ۾ آهي؟ سنڌ صوبي ۾ (3) سنڌ صوبو ڪهڙي ملڪ سان لاڳاپيل آهي؟ پاڪستان سان (4) پاڪستان سان اسان جو ڪهڙو تعلق آهي؟ اسان جو وطن آهي.
- استاد سبق جو اعلان ڪندي وطن جي ماڳن جي تصويرن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪندو.
- استادُ بلند آواز ۾ ڪهاڻيءَ واري انداز ۾ سبق پڙهندو. بلند آواز ۾ پڙهائيءَ دوران استاد عبارت ۾ جملن مطابق پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو تہ جيئن سبق ۾ شاگردن جو توجهہ ۽ دلچسپي پيدا ٿئي. شاگردن جي ڄاڻ ۾ اضافي ۽ سندن ڌيان پوري طرح بلند آواز ۾ ٿيندڙ پڙهائيءَ ڏانهن ڇڪڻ لاءِ استاد ملڪ جي مشهور شهرن ۽ تفريح گاهن بابت بہ ڄاڻ ڏيندو.

سبق متعلق ڪجهہ سوال:

1. پاڪستان جي چئني صوبن جا نالا ٻڌايو؟
2. پاڪستان جي جهنڊي جو سائو رنگ ڇا کي ٿو ظاهر ڪري؟
3. پاڪستان جو وڏي ۾ وڏو درياءَ ڪهڙو آهي ؟
4. پاڪستان ۾ ڪهڙيون ڪهڙيون پوکون ٿين ٿيون؟

سبق نمبر ۳

# پیارا وطن

## مقاصد

سبق کے اختتام پر:

- طلبا وطن کے صوبوں اور زبانوں کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔
- پاکستان کی اہمیت سے واقف ہوں۔
- وطن کے لوگوں کی مہمان نوازی کے متعلق معلومات حاصل ہو۔
- نئے الفاظ کی معلومات میں اضافہ ہو۔

## امدادی اشیا

- ایک چارٹ پر ملک کے مختلف مقامات کی تصاویر
- ایک چارٹ پر مشکل الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳، صفحہ نمبر ۱۵

## طریقۂ تدریس

- آمادگی کے سوالات: (۱) ہم کس شہر میں رہتے ہیں؟ کراچی میں (۲) کراچی شہر کس صوبے میں ہے؟ صوبہ سندھ میں۔ (۳) صوبہ سندھ کس ملک سے وابستہ ہے؟ پاکستان سے (۴) پاکستان سے ہمارا کیا تعلق ہے؟ یہ ہمارا وطن ہے۔
- سبق کا اعلان کرتے ہوئے ملک کے مختلف مقامات کی تصاویر کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے۔
- سبق کی بلند خوانی کہانی کے انداز میں کیجیے۔ بلند خوانی کے دوران عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تاکہ سبق میں طلبا کی توجہ اور دلچسپی پیدا ہو۔ طلبا کی معلومات میں اضافے اور ان کی توجہ بلند خوانی کی طرف کروانے کے لیے ملک کی مشہور ترین تفریح گاہوں اور شہروں کے متعلق معلومات دیجیے۔

سبق کے متعلق کچھ سوالات:

۱۔ پاکستان کے چاروں صوبوں کے نام بتائیے؟
۲۔ پاکستان کے پرچم کا سبز رنگ کس چیز کو ظاہر کرتا ہے؟
۳۔ پاکستان کا سب سے بڑا دریا کون سا ہے؟
۴۔ پاکستان میں کون کون سی فصلیں ہوتی ہیں؟

## حل ٿيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب:

1. پاڪستان 14 آگسٽ 1947ع تي وجود ۾ آيو.
2. پاڪستان جا چار صوبا آهن.
3. اسان جي وطن جي جهنڊي جو رنگ سائو ۽ اڇو آهي.

(ب) تصويرن ۾ وطن جي ماڳن جا نالا لکو:

- استاد وطن جي ماڳن جو تصويري چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪندو. شاگردن کان تصويرن جي سُڃاڻپ ڪرائي ان جي هيٺيان نالو لکرايو ويندو. اهڙي طرح ٻارن کي وطن جي شهرن بابت ڪجهه ڄاڻ حاصل ٿيندي. هو ڪنهن به اخبار يا رسالي ۾ اهڙيون تصويرون ڏسي جلد ٻڌائي سگهندا ته هي تصوير ڪهڙي شهر جي آهي؟

(1) قائد اعظم جي مزار (ڪراچي) (2) مينار پاڪستان (لاهور) (3) فيصل مسجد (اسلام آباد)

(ج) لفظن جا ضدَ

- اهڙا لفظ جن جي معنيٰ ڪنهن ٻئي لفظ جي ابتڙ هُجي، اُهي انهن لفظن جا ضد هوندا آهن.

| لفظ | ضدَ |
|---|---|
| ڏار | گڏُ |
| محبت | نفرت |
| گهٽائي | ٿورائي |
| اوچا | اونها |
| وڏا | ننڍا |

(د) وطن جي باري ۾ چارجملا:

- استاد ڪلاس جي سيني شاگردن کي هن مشق ۾ حصو وٺڻ جو موقعو ڏيندو. جن شاگردن جا جملا گرامر جي مطابق درست ۽ مختصر هوندا، اهي بليڪ بورڊ تي لکيا ويندا. بعد ۾ڪين ڪاپيءَ ۾ لکڻ جي هدايت ڪئي ويندي. جملن سان گڏ شاگردن جي لکائيءَ تي پڻ توجهه ڏنو ويندو.

(1) اسان جو وطن هڪ اسلامي ملڪ آهي.
(2) پاڪستان هڪ پر امن ملڪ آهي.
(3) اسان کي پنهنجي وطن پاڪستان تي ناز آهي.
(4) پاڪستان جا چار صوبا آهن.

(هـ) تصويرن ۾ جايون ڏسي شهرن جا نالا لکو:

- شاگردن کان تصويرن جي سُڃاڻپ ڪرائي ڪتاب ۾ ان جاين جي هيٺيان شهرن جا نالا لکرايا ويندا. بعد ۾ استاد انهن شهرن جا نالا بليڪ بورڊ تي لکي سمجهائيندو.

(1) بادشاهي مسجد (لاهور) (2) ڪوٽ ڏيجي قلعو (خيرپور ميرس) (3) حبيب بينڪ پلازا (ڪراچي)

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

۱۔ پاکستان ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو وجود میں آیا۔

۲۔ پاکستان کے چار صوبے ہیں۔

۳۔ ہمارے وطن کے پرچم کا رنگ سبز اور سفید ہے۔

(ب) تصاویر میں ملک کے شہروں کے نام لکھیں:

- ملک کے شہروں کی تصاویر کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے۔ طلبا سے تصاویر کی شناخت کروائیے اور ان کے نیچے نام لکھوائیے۔ اس طرح طلبا کو ملک کے شہروں کے متعلق معلومات حاصل ہوگی۔

(۱) مزار قائد (کراچی)　　(۲) مینار پاکستان (لاہور)　　(۳) فیصل مسجد (اسلام آباد)

(ج) الفاظ کے ضد:

- وہ الفاظ جن کے معنی کسی لفظ کے الٹ ہوں، وہ ان الفاظ کے ضد ہوتے ہیں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| علیحدہ | ساتھ | اونچائی | گہرائی |
| محبت | نفرت | بڑے | چھوٹے |
| کثرت | قلت | | |

(د) وطن کے متعلق چار جملے:

- کمرۂ جماعت کے تمام طلبا کو اس مشق میں حصہ لینے کا موقع دیجیے۔ جن طلبا کے جملے گرامر کے مطابق درست اور مختصر ہوں وہ تختۂ سیاہ پر لکھیے۔ بعد میں طلبا کو اپنی کاپی میں لکھنے کی ہدایت کیجیے۔ جملوں کے ساتھ طلبا کی لکھائی پر بھی توجہ دیجیے۔

۱۔ ہمارا وطن ایک اسلامی مملکت ہے۔

۲۔ پاکستان ایک پر امن ملک ہے۔

۳۔ ہمیں اپنے وطن پاکستان پر فخر ہے۔

۴۔ پاکستان کے چار صوبے ہیں۔

(ہ) تصاویر میں مقامات دیکھ کر شہروں کے نام بتائیے:

- طلبا سے تصاویر کی شناخت کروا کر کتاب میں دی ہوئی جگہ پر شہروں کے نام لکھوائیے۔ ان شہروں کے نام تختۂ سیاہ پر لکھ کر سمجھائیے۔

(۱) بادشاہی مسجد (لاہور)　　(۲) کوٹ ڈیجی کا قلعہ (خیر پور میرس)　　(۳) حبیب بینک پلازہ (کراچی)

## سرگرميون ( اُتساهہ)

- شاگردن کي پنهنجن خيالن جي اظهار جو موقعو ڏيئي هنن کان پڇيو ويندو تہ هن سبق جي ڪهڙي عبارت اوهان کي آسان لڳي ٿي؟ شاگردَ واري واري سان اچي اها عبارت پڙهندا ۽ ان جو اردو ترجمو ڪندا. غلطين جي صورت ۾ استاد سندن رهنمائي ڪندو.
- استاد بليڪ بورڊ تي چارٽ آويزان ڪندو. جنهن تي سبق جا نوان لفظ ۽ انهن جي معنيٰ صاف ۽ واضح لکيل هوندي ، استاد اُهي لفظ ۽ معنيٰ پڙهي ٻڌائيندو ۽ سمجهائيندو .

نوان لفظ : وجود ، باني ، جامَ

## وطن جي متعلق وڏيڪ ڄاڻ

- استادُ شاگردن کي هدايت ڪندو تہ سيئي شاگرد خاموشي ۽ ڌيان سان معلومات سمجهڻ جي پوري ڪوشش ڪن. استاد ان ڳالهہ جو خيال رکندو تہ ٻار عمر ۾ ننڍا آهن. ان ڪري جيڪا بہ ڄاڻ ڏني وڃي، اها ڌار ڌار جملن ۾ ڏني وڃي ۽ مختصر پر خاص ڏني وڃي.

1. اسان جي ملڪ جو نالو پاڪستان آهي، پاڪستان جا چار صوبا آهن.
2. پاڪستان جي قومي ٻولي اردو آهي.
3. صوبن جون بہ پنهنجون پنهنجون ٻوليون آهن.
4. سنڌ صوبي جي ٻولي سنڌي، پنجاب جي پنجابي، بلوچستان جي بلوچي ۽ خيبر پختوخواهہ جي ٻولي پشتو آهي.
5. پاڪستان جي گاديءَ جو هنڌ اسلام آباد آهي.
6. سنڌ صوبي جي گاديءَ جو هنڌ ڪراچي، پنجاب جو لاهور، بلوچستان جي گاديءَ جو هنڌ ڪوئٽا ۽ خيبر پختونخواهہ جي گاديءَ جو هنڌ پشاور آهي.
7. پاڪستان جو وڏي ۾ وڏو ڪاروباري شهر ڪراچي آهي. ملڪ جي وڏي بئنڪ اسٽيٽ بئنڪ ۽ اسٽيل مل بہ ڪراچي شهر ۾ آهي.

## خوشخطي

- شاگرد سبق جي ڪا بہ هڪ عبارت ڪاپيءَ ۾ خوشخطيءَ طور صفائي ۽ سُنائيءَ سان لکي ايندا. بهتر ڪارڪردگي ڏيکاريندڙ شاگرد جو نالو ڪلاس جي سرگرمين واري بورڊ تي هڪ ڪاغذ تي واضح لفظن ۾ لکي آويزان ڪيو ويندو.

## سرگرمیاں

- طلبا کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع دیتے ہوئے ان سے پوچھیے کہ اس سبق کی کون سی عبارت آپ کو آسان لگی ہے؟ طلبا یکے بعد دیگرے وہ عبارت اُردو ترجمہ کے ساتھ آکر پڑھیں گے۔غلطیوں کی صورت میں طلبا کی رہنمائی کیجیے۔
- سبق کے نئے الفاظ اور ان کے معنی کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے۔ اور ان الفاظ کے معنی پڑھ کر سمجھائیے۔

نئے الفاظ: قائم ، قائد ، بہت۔

## وطن کے متعلق مزید معلومات

- طلبا سے ہدایت کیجیے کہ تمام طلبا نظم و ضبط اور توجہ کے ساتھ معلومات سمجھنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ سمجھاتے وقت اس بات کا خیال رکھیے کہ طلبا عمر کے مطابق چھوٹے ہیں۔ اس لیے جو بھی معلومات دی جائے وہ علیحدہ علیحدہ جملوں کی صورت میں ، مختصر لیکن خاص دی جائے۔

۱۔ ہمارے ملک کا نام پاکستان ہے ، پاکستان کے چار صوبے ہیں۔

۲۔ پاکستان کی قومی زبان اُردو ہے۔

۳۔ صوبوں کی بھی اپنی اپنی زبانیں ہیں۔

۴۔ صوبہ سندھ کی زبان سندھی ، پنجاب کی زبان پنجابی ، بلوچستان کی بلوچی اور صوبہ خیبر پختونخوا کی زبان پشتو ہے۔

۵۔ پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

۶۔ صوبہ سندھ کا دارالحکومت کراچی ، پنجاب کا لاہور ، بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ اور صوبہ خیبر پختونخوا کا دارالحکومت پشاور ہے۔

۷۔ پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شہر کراچی ہے۔ ملک کی بڑی بینک اسٹیٹ بینک اور اسٹیل مل بھی کراچی شہر میں ہیں۔

## خوشخطی

- طلبا اپنی کاپی میں ایک سے تیس تک گنتی اعداد اور الفاظ میں خوشخطی کر کے آئیں گے۔خوشخطی میں جن جن طلبا کی غلطیاں ہوں ان کی رہنمائی کیجیے۔جن طلبا کی خوشخطی بہتر ہو ان کا نام کمرۂ جماعت میں سرگرمیوں والے بورڈ پر ایک چارٹ کی صورت میں لکھ کر آویزاں کیجیے۔

## سبق چوٿون

# هوا، پاڻي ۽ باهہ

### مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي شاگرد:

- هوا، پاڻي ۽ باهہ جي اهميت بابت ڄاڻ حاصل ڪري سگھن .
- تندرست رهڻ جي اصولن کان واقف ٿين.
- گندي پاڻيءَ جي نقصانن بابت ڄاڻ حاصل ٿيندي .
- استاد ۽ شاگردن جي وچ ۾ گفتگو ڪرڻ جي طريقي کان واقف ٿي سگھن.

### امدادي سامان

- هڪ چارٽ تي نوان لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح طور تي لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3 ، صفحو نمبر 18

### سکيا جو طريقو

- استاد عنوان بابت ڄاڻ ڏيندو تہ: هن ڪائنات ۾ جيڪا بہ مخلوق آهي، ان جي جيئري رهڻ جو دارومدار ڪنهن نہ ڪنهن شيءِ تي آهي. جهڙيءَ ريت مڇي پاڻيءَ کان سواءِ جيئري رهي نہ ٿي سگھي، اهڙي طرح انسان بہ ڪجھ شين کان سواءِ جيئري رهي نہ ٿو سگھي. انهن مان هڪ آهي پاڻي، ٻي هوا ۽ ٽين باهہ آهي. اهي ٽي شيون انسان جي جيئري رهڻ لاءِ تمام ضروري آهن.
- استاد بلند آواز ۽ ڪهاڻيءَ واري انداز ۾ سبق پڙهندو. سبق جي هر هڪ عبارت بلند آواز ۾ واضح طور پڙهي ۽ سمجھائي ويندي . استاد ڪي بلند آواز ۾ پڙهڻ دوران ان ڳالهہ جو علم هُجڻ گھرجي تہ سبق جي مشق ۾ ڪهڙا سوال آهن ؟ اهڙي طرح مشق جي مطابق سبق جي سوال جو جواب سبق جي جنهن عبارت يا جملي ۾ پڙهيو وڃي تہ ان وقت اُن جملي کي ورجائي پڙهيو وڃي . ان دوران شاگردن جي توجهہ جو خيال پڻ استاد کي ڪرڻ گھرجي. استاد سبق جي جملن ۽ عبارت مطابق پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو تہ جيئن سبق ۾ شاگردن جو ڌيان ۽ دلچسپي پيدا ٿئي.
- شاگردن کان سبق بلند آواز ۾ پڙهايو ويندو. جيڪي شاگرد ڏکيا لفظ اُچاري نہ سگھندا، اهي لفظ بليڪ بورڊ تي لکي انهن جي درست ادائگي سمجھائي ويندي.
- مشق جي سوالن جا جواب لکڻ لاءِ شاگردن کي ڪلاس ۾ ڪجھ وقت ڏنو ويندو ، جنهن دوران هو خاموشيءَ سان سوالن جا جواب تلاش ڪري پنهنجي پنهنجي ڪاپيءَ ۾ لکندا ۽ پڙهي ٻڌائيندا . استاد جوابن ۽ گرامر مطابق سندن ڀرپور طريقي سان رهنمائي ڪندو.

سبق نمبر ۴

# ہوا ، پانی اور آگ

## خاص مقاصد

سبق کے اختتام پر :

- طلبا ہوا ، پانی اور آگ کی اہمیت کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔
- تندرست رہنے کے اصولوں سے واقف ہوں۔
- گندے پانی کے نقصانات کے متعلق معلومات حاصل ہو۔
- استاد اور شاگرد کے درمیان گفتگو کے آداب سے واقف ہو سکیں۔

## امدادی اشیا

- ایک چارٹ پر نئے الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳ ،صفحہ نمبر ۱۸

## طریقۂ تدریس

- عنوان کے مطابق معلومات دیتے ہوئے بتائیے کہ نے اس کائنات میں جو بھی مخلوق ہے اس کے زندہ رہنے کا انحصار کسی نہ کسی چیز پر ہے۔جس طرح مچھلی پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی، اسی طرح انسان بھی کچھ چیزوں کی بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ ہوا ، پانی اور آگ ، یہ تین چیزیں انسان کی زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں۔
- سبق کی بلند خوانی کہانی کے انداز میں کیجیے ،سبق کی ہر ایک عبارت کی بلند خوانی واضح طور پر کیجیے۔ بلند خوانی کے دوران یہ بات ذہن میں ہونی چاہیے کہ سبق کی مشق میں کون سے سوالات ہیں ؟ اس طرح مشق کے سوالات کے جوابات جس عبارت یا جملے میں ہوں اس عبارت اور جملے کو کم سے کم دو مرتبہ پڑھیے۔ اس دوران طلبا کی توجہ کا بھی خیال رکھیے۔ بلند خوانی کے دوران سبق کی عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تا کہ سبق میں طلبا کی دلچسپی اور توجہ برقرار رہے۔
- طلبا سے سبق کی بلند خوانی کروایئے۔ جو طلبا مشکل الفاظ کی درست ادائیگی نہیں کر پائیں وہ الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھ کر ان کی درست ادائیگی سمجھایئے۔
- مشق کے سوالات کے جوابات لکھنے کے لیے طلبا کو کمرۂ جماعت میں کچھ وقت دیجیے۔ اس دوران وہ نظم وضبط کے ساتھ سوالات کے جوابات تلاش کر کے اپنی اپنی کلاس ورک کاپی میں لکھنے کے بعد پڑھ کر سنائیں گے۔طلبا کی بھرپور انداز میں رہنمائی بھی کیجیے۔

سبق متعلق ڪجهہ سوال:

1. ماستريانڻيءَ کان معلومات لاءِ سوال ڪندڙ شاگردن جا نالا ٻڌايو؟
2. صاف پاڻي ڪهڙو هوندو آهي؟
3. ڪاڏو پچائڻ ڪانسواءِ ٻاهہِ مان ٻيا ڪهڙا فائدا آهن.

## حل ٽيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب:

1. انسان پاڻي، هوا ۽ ٻاهہ کان سواءِ جيئرو نہ ٿو رهي سگهي.
2. اسان کي صاف سُٿري هوا وڻن ۽ ٻوٽن مان ملندي آهي.
3. هوا صافُ نہ هُوندي تہ ڦڦڙن جون بيماريون پيدا ٿينديون.
4. ٻاهہِ جي مدد سان اسين کاڌا پچايون ٿا.

(ب) لفظ پڙهو ۽ لکو:

- هن سبق جا ڪجهہ لفظ ڪلاس جي ٻارن کان پڙهايا ۽ لکرايا ويندا.

الفاظ معنيٰ: (1)صاف سٿرو (2) اوٻاري (3) جذب (4) آنرائي (5) خارج (6) ٻاڦ

(ج ) ٻتا لفظ ٺاهيو:

- ٻارن کي ٻٽن لفظن بابت ڄاڻ ڏيندو. اهڙا بہ لفظ جيڪي گڏ استعمال ڪيا وڃن. انهن مان پهريون لفظ اصل هوندو آهي ۽ پويون لفظ هم معنيٰ ٿئي ٿو. اهو هم معنيٰ لفظ هميشہ وغيره جي جاءِ تي استعمال ڪيو ويندو آهي. جيئن : صاف سُٿرو

اهڙا ٽي لفظ استادُ بليڪ بورڊ تي لکي سمجهائيندو: (1) ٻانهہ ٻيلي (2) پاڻي چُڪو (3) جهر جهنگ

(د) صحيح ۽ غلط جواب جي سڃاڻپ ڪريو:

(1) وڻ ۽ ٻوٽا ماحول جي گندي هوا کي جذب ڪن ٿا. ( صحيح )

(2) انسانن ۽ سڀني جاندارن لاءِ صاف پاڻي ضروري ناهي. ( غلط )

(3) پاڻيءَ کي اوٻاري، آنرائي ۽ ٺاري پوءِ استعمال ڪجي. ( صحيح )

(هہ) جملا درست ڪريو:

درست جملا:

(1) ساهہُ کڻڻ لاءِ صاف هوا ضروري آهي. (2) ٻاهہِ بہ انسان جي جيئڻ لاءِ ضروري آهي.

(3) ٻاهہِ وسيلي اسين کاڌا پچايون ٿا.

## سرگرميون ( اُتساهہ)

- سبق جي نوَن لفظن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪيو ويندو. استاد انهن لفظن جي معنيٰ سمجهائيندو.
- خوشخطي لاءِ شاگردن کان نوان لفظ ڪاپيءَ ۾ لکرايا ويندا .

نوان لفظ : جذب ، اوٻاري ، آنرائي

سبق کے متعلق کچھ سوالات:

۱۔ استانی سے معلومات کے طور پر سوالات کرنے والے طلبا کے نام بتایئے ؟

۲۔ صاف پانی کس طرح کا ہوتا ہے؟

۳۔ کھانا پکانے کے علاوہ آگ سے اور کون سے فوائد حاصل کر سکتے ہیں ؟

## حل شدہ مشق:

(الف) سوالات کے جوابات:

۱۔ انسان پانی ، ہوا اور آگ کی بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔

۲۔ ہمیں صاف ہوا درخت اور پودوں سے ملتی ہے۔

۳۔ ہوا صاف نہ ہو تو پھیپھڑوں کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

۴۔ آگ کی مدد سے ہم کھانا پکاتے ہیں۔

(ب) الفاظ پڑھیے اور لکھیے:

- نظم کے کچھ الفاظ طلبا سے پڑھوایئے اور لکھوایئے۔ بعد میں ان الفاظ کے معنی تختۂ سیاہ پر لکھ کر سمجھایئے۔

الفاظ کے معنی: (۱) صاف ستھرا (۲) اُبال کر (۳) جذب کرنا (۴) ٹھنڈا کر کے (۵) باہر نکالنا (۶) دھواں

(ج) دہرے الفاظ (کلمہ اور مہمل)

- طلبا کو دہرے الفاظ کے متعلق معلومات دیجیے۔ وہ الفاظ جو ایک ساتھ لکھنے اور پڑھنے میں استعمال ہوں ، ان میں پہلا لفظ بامعنی ہوتا ہے اور دوسرا لفظ ہم معنی ہوتا ہے۔ وہ ہم معنی لفظ اکثر ''وغیرہ'' کی جگہ پر استعمال ہوتا ہے۔

مثال: صاف ستھرا

ایسے تین الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھ کر طلبا کو سمجھایئے: (۱) مدد گار (۲) پانی وانی (۳) جنگل وغیرہ

(د) صحیح اور غلط جوابات کی شناخت کیجیے:

(۱) درخت اور پودے ماحول کی آلودہ ہوا جذب کرتے ہیں۔ (صحیح)

(۲) انسانوں اور دیگر جانداروں کے لیے صاف پانی لازمی نہیں۔ (غلط)

(۳) پانی ابال کر اور پھر اسے ٹھنڈا کر کے استعمال کرنا چاہیے۔ (صحیح)

(ہ) جملے درست کیجیے:

درست جملے:

(۱) سانس لینے کے لیے صاف ہوا ضروری ہے۔ (۲) آگ بھی انسان کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہے۔

(۳) آگ کی مدد سے ہم کھانے پکاتے ہیں۔

سرگرمیاں

- سبق کے نئے الفاظ کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے اور ان الفاظ کے معنی سمجھایئے۔
- خوشخطی کے لیے طلبا سے نئے الفاظ کاپی میں لکھوایئے۔

نئے الفاظ: جذب کرنا ، ابال کر ، ٹھنڈا کر کے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

### سبق پنجون

# پوپٽ

### مقصد

نظم جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگرد پوپٽ جي تعريف بيان ڪري سگهندا.
- نظم سُرَ ۾ لئہ سان پڙهي ۽ ٻڌائي سگهندا.
- نظم جا شعر ۽ انهن جو مطلب آسانيءَ سان سمجهي سگهندا.

### امدادي سامان

- هڪ چارٽ تي خوشخطيءَ ۾ نظم ۾ نوَن لفظن جي معنيٰ لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3 ، صفحو نمبر 21

### سکيا جو طريقو

- استادُ شاگردن کي پوپٽ جي خوبصورتيءَ بابت ڄاڻ ڏيندو. جهڙيءَ طرح اسان انسانن کي مختلف رنگ برنگي گُلن جي خوبصورتي ۽ انهن جي سُڳنڌ ڏاڍي پسند آهي اهڙيءَ طرح پوپٽ بہ سُهڻن رنگن جي ڪري ڏاڍو پيارو لڳندو آهي ۽ پوپٽ کي بہ گُل ڏاڍا پسند آهن، پوپٽ کي گُلن جي رسُ ڏاڍو وڻندو آهي. پوپٽ جي غذا بہ گُلن جي رسُ آهي.
- نظم جو اعلان ڪندو.
- بليڪ بورڊ تي نظم جي خوشخطي ۾ نون لفظن جو چارٽ آويزان ڪيو ويندو.
- استاد بلند آواز ۾ سُر ۾ نظم پڙهندو. نظم جي ڏکين لفظن کي بہ يا ٽي ڀيرا پڙهي اُچار سمجهائڻ جي ڪوشش ڪندو .
- نظم جي هر هڪ مصرع ۽ شعر کي واضح ۽ آسان لفظن ۾ سمجهائڻ کان پوءِ شاگردن کان نظم بلند آواز ۾ پڙهايو ويندو .
- شاگردن کي شاعر جو نالو ٻڌايو ويندو .
- استاد شاگردن کي نظم جي شعرن جو مطلب آسان لفظن ۾ سمجهائڻ سان گڏ نظم جو مقصد سمجهائيندو.

نظم جي متعلق ڪجھ سوال:

1. پوپٽ جو گُذارو ڪهڙي شيءِ تي ٿيندو آهي ؟
2. شاعر پاڳ پلارو ڪنهن کي چيو آهي؟
3. هن نظم جي شاعر جو نالو ڇا آهي ؟

سبق نمبر ۵

# تتلی

## مقاصد

نظم کے اختتام پر:

- طلبا تتلی کی تعریف بیان کر سکیں گے۔
- نظم درست انداز میں پڑھ اور سنا سکیں گے۔
- نظم کے اشعار اور تشریحات بآسانی سمجھ سکیں گے۔

## امدادی اشیا

- ایک چارٹ پر نظم کی خوشخطی اور نئے الفاظ کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳، صفحہ نمبر ۲۱

## طریقۂ تدریس

- طلبا کو تتلی کی خوبصورتی کے متعلق معلومات دیجیے۔ جس طرح ہمیں پھولوں کے رنگ، خوبصورتی اور خوشبو بہت پسند ہے، اسی طرح تتلی بھی اپنے خوبصورت رنگوں کی وجہ سے بہت پیاری لگتی ہے اور تتلی کو بھی پھول بہت پسند ہیں۔ تتلی کو پھولوں کا رس بہت پسند ہے۔ تتلی کی غذا بھی پھولوں کا رس ہی ہے۔
- نظم کا اعلان کیجیے۔
- تختۂ سیاہ پر نظم کی خوشخطی اور نئے الفاظ کا چارٹ آویزاں کیجیے۔
- نظم کی بلند خوانی درست انداز میں کیجیے۔ نظم کے مشکل الفاظ کا تلفظ دو یا تین مرتبہ سمجھانے کی کوشش کیجیے۔
- نظم کا ہر مصرع اور شعر آسان الفاظ میں سمجھانے کے بعد طلبا سے نظم کی بلند خوانی کروایئے۔
- طلبا کو شاعر کے نام کے متعلق معلومات دیجیے۔
- طلبا کو نظم کے اشعار کا مطلب آسان الفاظ میں سمجھانے کے ساتھ نظم کا مقصد سمجھایئے۔

نظم کے متعلق کچھ سوالات:

۱۔ تتلی کا انحصار کس چیز پر ہوتا ہے؟

۲۔ شاعر نے خوش نصیب کس کو کہا ہے؟

۳۔ اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟

## نظم جو مقصد

- انسان الله تعاليٰ جي هر نعمت ۽ قدرت جي خوبصورت نظارن کي ڏسي حيران ٿئي ٿو ۽ انهن تي سندس دل هرکي پوندي آهي. قدرت جي انهن خوبصورت شين ۾ پوپٽ به تمام سهڻي تخليق آهي. ان جا سُهڻا ۽ پيارا رنگ، گُلن جي مٿان ڦِرڻ ۽ سُهڻي انداز ۾ اڏامڻ تي انسان جي دل موهجي ويندي آهي . ان ڪري شاعر هن نظم ۾ پوپٽ جي تعريف ڪئي آهي .

## حل ٿيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب :

1. پوپٽ ٽن رنگن جا هوندا آهن. 2. پوپٽ گُلن جو رسُ پيئندا آهن. 3. پوپٽ تمام سهڻا هوندا آهن.

(ب) لفظ پڙهو ۽ لکو:

الفاظ: (1) موچارو (2) سُندر (3) چِلڪي (4) من مُهڻو (5) چمڪي (6) چُوسين

(ج) نظم ياد ڪري سُر ۽ ترنم سان پڙهڻ:

- شاگردن کي نظم ياد ڪرڻ لاءِ ٿورو وقت ڏنو ويندو ان دوران ڪلاس ۾ ٻار سانت اختيار ڪندا. بعد ۾ ڪي به پنج شاگرد سڀن آڏو ٿي بيهندا ۽ سڀ شاگردَ وڏي آواز ۾ سُر ۽ ترنم سان نظم پڙهندا.

(د) تصوير ڏسي پکين جا نالا لکو:

(1) جهرڪي (2) ڪُڪُڙ (3) ڪانءُ (4) مورُ

(ھ) تصوير ۾ رنگ پريو:

- ٻارن کي ڊرائنگ جو ڏاڍو شوق هوندو آهي. ٻار هميشه ڪا به سهڻي شيءِ ڏسي ان جي تصوير جي ڪوشش ڪندا آهن. ان ڪري جيڪڏهن ڪنهن به مضمون ۾ ٻارن کان تصويرن تي رنگ ڀرائڻ جو ڪم ڪرايو ويندو ته ٻار ان ۾ دلچسپي ظاهر ڪندا. استاد ٻارن کي هدايت ڪندو ته نظم جي مشق ۾ پوپٽ جي جيڪا سادي تصوير آهي، ان ۾ صفائيءَ سان رنگ ڀريو.

## سرگرميون (اُتساهہ)

- نظم جو ڪهڙو شعر اوهان کي پسند آهي؟ ان شعر جي سمجهاڻي پنهنجن لفظن ۾ لکي اچو. استاد شاگردن کي پنهنجن خيالن جي اظهار جو موقعو ڏيندو.

## پوپٽ متعلق وڌيڪ ڄاڻ

- پوپٽ هڪ جيت آهي، جيڪو پنهنجن خوبصورت پرن جي ڪري ممتاز آهي.
- سڄي دنيا ۾ پوپٽن جا لڳ ڀڳ 17500 قسم ملن ٿا. پوپٽن کي پنجن خاندانن ۾ ورهايو ويو آهي.
- پوپٽ پنهنجي زندگيءَ ۾ چئن مختلف حالتن مان گذرندو آهي:

  (1) آنو (2) لاروا (3) پيوپا (4) پوپٽ.
- گُلن جو رسُ پوپٽن جي بنيادي خوراڪ آهي.
- ان ڪانسواءِ زرد گُل داڻا، وڻن جو رس، ميوا ۽ ڪيتريون ئي شيون به پوپٽن جي خوراڪ ۾ شامل آهن.

## نظم کا مقصد

- انسان اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت اور خوبصورت نظاروں کو دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے اور وہ سب کچھ اس کے دل کو بھاتا ہے۔ قدرت کی ان حسین تخلیقات میں تتلی بھی بہت خوبصورت تخلیق ہے۔ اس کے خوبصورت اور پیارے رنگ ، پھولوں کے اوپر اس کا چکر لگانا اور خوبصورت انداز میں اڑتے دیکھ کر انسان کا دل اس کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اس لیے شاعر نے اس نظم میں تتلی کی تعریف بیان کی ہے۔

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

۱۔ تتلی کے تین رنگ ہوتے ہیں۔

۲۔ تتلی پھولوں کا رس چوستی ہے۔

۳۔ تتلیاں بہت خوبصورت ہوتی ہیں۔

(ب) الفاظ پڑھیے اور لکھیے:

الفاظ کے معنی: (۱) بدصورت (۲) خوبصورت/ پیارا (۳) روشن/ چمکے (۴) دل کو لبھانے والا (۵) چمکے (۶) چوسیں

(ج) نظم یاد کر کے درست انداز میں پڑھنا

- طلبا کو کچھ وقت نظم یاد کرنے کی لیے دیجیے۔ بعدازاں کوئی بھی پانچ طلبا تختۂ سیاہ کے برابر میں کھڑے ہو کر بلند آواز میں الفاظ کی درست ادائیگی کے ساتھ نظم پڑھیں گے۔ جماعت کے باقی طلبا بھی اپنی اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر ان کے ساتھ نظم بلند آواز میں پڑھیں گے۔

(د) تصاویر دیکھ کر پرندوں کے نام لکھیے:

(۱) چڑیا (۲) مرغا (۳) کوا (۴) مور

(ہ) تصاویر میں رنگ بھریں:

- بچّوں کو ڈرائنگ کا بہت شوق ہوتا ہے۔ بچّے جب بھی کوئی خوبصورت چیز دیکھتے ہیں تو اس کی تصویر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لیے اگر بچّوں سے تصاویر میں رنگ بھرنے کا کام کروایا جائے تو وہ اس کام میں دلچسپی ظاہر کریں گے۔ طلبا کو ہدایت کیجیے کہ نظم کی مشق میں تتلی کی ایک سادہ تصویر ہے اس میں صفائی کے ساتھ رنگ بھریں۔

## سرگرمیاں

- نظم کا کون سا شعر آپ کو پسند ہے؟ اس شعر کی تشریح اپنے الفاظ میں لکھ کر لائیں۔ طلبا کو اظہارِ خیال کا موقع دیجیے۔

## تتلی کے متعلق مزید معلومات

- تتلی ایک پروں والا کیڑا ہے۔ جو اپنے خوبصورت پروں کی وجہ سے ممتاز ہے۔
- دنیا میں تتلی کی تقریباً ۱۷۵۰۰ اقسام ملتی ہیں۔ تتلی کو پانچ خاندانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
- تتلی اپنی زندگی میں چار مختلف مراحل سے گزرتی ہے۔

  (۱) انڈا (۲) لاروا (۳) پیوپا (۴) تتلی۔
- پھولوں کا رس تتلی کی بنیادی خوراک ہے۔
- اس کے علاوہ زرد پھولوں کے دانے ، درختوں کا رس ، پھل اور دیگر کئی اشیا تتلی کی خوراک میں شامل ہیں۔

سبق ڇهون

# اسان جو ماحول

## مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگرد ماحول جي باري ۾ ڄاڻ حاصل ڪن .
- گندگيءَ سبب پيدا ٿيندڙ بيمارين بابت ڄاڻ حاصل ڪن.
- قدرتي ماحول بابت معلومات حاصل ٿيندي.
- ماحول کي صاف سٿرو رکڻ جو شعور حاصل ڪن.

## امدادي سامان

- گندي ماحول جي تصويرن جو چارٽ
- هڪ چارٽ تي نوان لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح طور تي لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3، صفحو نمبر 23

## سکيا جو طريقو

- شاگردن کي ماحول جي متعلق ڄاڻ ڏيندو. جهڙيءَ ريت اسان پنهنجي گهر کي صاف سٿرو رکڻ لاءِ روزانو صفائي ڪندا آهيون. گهر کي سجائڻ لاءِ سُهڻيون شيون رکندا آهيون. اهڙي طرح اسان جنهن پاڙي، شهر يا ڳوٺ ۾ رهون ٿا، اتان جي پاڙي، گهٽين، روڊن، رستن، بازارن ۽ تفريح گاهن جي صفائيءَ جي ذميواري به اسان جو فرض آهي ڇو ته اسين جنهن جاءِ تي رهون ٿا، اهو اسان جو ماحول آهي. جيڪڏهن اسان ماحول کي صاف سٿرو رکنداسين ته اسان جو پنهنجو فائدو ۽ تعريف آهي ۽ جيڪڏهن اسان پاڻ اتي گندگي ڪنداسين ته پوءِ اسان جو پنهنجو نقصان آهي. ان ڪري اسان هن سبق جي ذريعي ماحول کي صاف سٿرو رکڻ بابت ڄاڻ حاصل ڪري، ان تي عمل ڪري سُٺا شهري ٿي ڏيکارينداسين.
- استاد سبق جو اعلان ڪندو. گندي ماحول جي تصويرن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪندو .
- سبق جي هر هڪ عبارت بلند آواز ۾، لفظن جي صحيح اُچار ۽ وضاحت سان پڙهي ويندي، استاد سبق جي جملن ۽ عبارت مطابق پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو ته جيئن سبق ۾ شاگردن جو توجهه ۽ دلچسپي پيدا ٿئي. بلند آواز ۾ پڙهائيءَ دوران امدادي شين جو استعمال پڻ ڪيو ويندو.
- شاگردن کان بلند آواز ۾ سبق پڙهايو ويندو. جيڪي شاگرد ڏکيا لفظ اُچاري نه سگهندا انهن کي لفظن جي درست ادائگي سمجهائي ويندي. جيڪي شاگردَ لفظن جو صحيح اُچار پڙهي سگهندا استاد انهن جي حوصلي افزائي ڪندو.

سبق نمبر ۶

# ہمارا ماحول

## مقاصد

سبق کے اختتام پر :

- طلبا ماحول کے متعلق معلومات حاصل کریں۔
- گندگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل ہو۔
- قدرتی ماحول کے متعلق معلومات حاصل ہو۔
- ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کا شعور پیدا ہو۔

## امدادی اشیا

- گندے ماحول کی تصاویر پر مبنی چارٹ
- ایک چارٹ پر نئے الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳ ،صفحہ نمبر ۲۳

## طریقۂ تدریس

- آمادگی میں طلبا کو ماحول کے متعلق معلومات دیجیے۔ جس طرح ہم اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے روزانہ صفائی کرتے ہیں ، گھر کو سجانے کے لیے خوبصورت سامان رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہم جس شہر یا گاؤں میں رہتے ہیں وہاں پر اپنے محلے کی گلیوں ، سڑکوں ، شاہراہوں ، بازاروں اور تفریح گاہوں کی صفائی بھی ہمارا فرض ہے ، کیونکہ ہم جس جگہ رہتے ہیں وہ ہمارا ماحول ہے۔ اگر ہم اس ماحول کو صاف ستھرا رکھیں گے تو ہمارا فائدہ ہے اور اگر ہم وہاں پر گندگی پھیلائیں گے تو ہمارا اپنا نقصان ہے۔ اس لیے ہمیں اس سبق کی مدد سے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی معلومات حاصل کر کے اور اس پر عمل کر کے خود کو اچھا شہری ثابت کر دکھانا ہے۔
- سبق کا اعلان کیجیے۔ گندے ماحول کی تصاویر پر مشتمل چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے۔
- سبق کی ہر عبارت کی بلند خوانی الفاظ کی درست ادائیگی اور وضاحت کے ساتھ کیجیے۔ سبق کی ہر عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تا کہ طلبا کی سبق میں دلچسپی پیدا ہو۔ بلند خوانی کے دوران امدادی اشیا کا استعمال بھی کیجیے۔
- طلبا سے سبق کی بلند خوانی کروایئے جو طلبا مشکل الفاظ کی درست ادائیگی نہیں کر پائیں انھیں الفاظ کی درست ادائیگی سمجھایئے۔ جو طلبا بہتر طریقے سے بلند خوانی کریں ، ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی تعریف کریں۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

سبق متعلق ڪجهه سوال:

1. ڪهڙيون ڪهڙيون شيون اسان جي ماحول جو حصو آهن ؟
2. وڏن شهرن ۾ ماحول جي گدلاڻ ڇا جي ڪري ٿئي ٿي ؟
3. وڻ ۽ ٻوٽا ڪهڙي ماحول ۾ اچن ٿا ؟

## سبق جو مقصد

• هن سبق ۾ اسان کي اهو سبق ٿو ملي تہ اسين جنهن پاڙي، شهر يا ملڪ ۾ رهون ٿا، ان ۾ جيڪي ڪجهه آهي، اهو اسان جو ماحول آهي. ان ماحول جي صفائي ۽ خيال رکڻ اسان سڀني جو فرض آهي. اسان کي پنهنجي گهر کان وٺي شهر ۽ وطن تائين هر هنڌ ماحول کي صاف رکڻ لاءِ اهم ڪردار ادا ڪرڻو پوندو.

## حل ٿيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب:

1. اسين جتي رهون ٿا، ساهہ کڻون ٿا اهو اسان جو ماحول آهي.
2. اسان جي آس پاس رهندڙ جانور، پکي، وڻ، ٻوٽا، پاڻي، سِج، چنڊُ، تارا، ڪڪر، ڍنڍيون، درياءَ، جبل ۽ ٽڪر وغيره اهي سڀ قدرتي ماحول ۾ اچن ٿا. .
3. گند ڪچري ۽ گندي پاڻيءَ جي ڪري مڇر ۽ ٻيا ڪيترائي جيت جڻا پيدا ٿين ٿا. جيڪي مليريا ۽ ٻين بيمارين جو سبب بڻجن ٿا.
4. اسان پنهنجي گهٽي، پاڙي، ڳوٺ، يا شهر کي صاف سٿرو رکي پنهنجي ماحول کي بهتر بڻائي سگهون ٿا.

(ب) لفظ پڙهو ۽ لکو:

الفاظ: (1) چوگرد (2) جيت جڻا (3) آس پاس (4) گدلاڻ (5) وَسُ

(ج) لفظ ٺاهيو: (جيئن قدرت مان قدرتي)

• شاگردن ۾ لفظن کي ٻي حالت ۾ بدلائڻ جي صلاحيت پيدا ڪرڻ لاءِ استادُ بليڪ بورڊ تي لفظ لکڻ سان گڏ سَولي طريقي سان سمجهائيندو تہ لفظ جي آخر ۾ " ي " جو اضافو ڪرڻ سان لفظ جي معنيٰ ۾ فرق اچي ويندو. بعد ۾ شاگرد سبق مان ڪجهه ٻيا لفظ بدلائي ڪاپيءَ ۾ لکي ايندا.

| | |
|---|---|
| (1) روشن | روشني |
| (2) نشان | نشاني |
| (3) انسان | انساني |
| (4) امتحان | امتحاني |
| (5) انعام | انعامي |

سبق سے متعلق کچھ سوالات:

۱۔ کون سی اشیا ہمارے ماحول کا حصہ ہیں ؟
۲۔ بڑے شہروں میں ماحول کی آلودگی کیوں ہوتی ہے؟
۳۔ درخت اور پودے کس ماحول کا حصہ ہیں؟

سبق کا مقصد

- اس سبق سے ہمیں یہ معلومات ملتی ہے کہ ہم جس محلے ، شہر یا ملک میں رہتے ہیں اس میں جو کچھ ہے وہ ہمارا ماحول ہے۔ اس ماحول کی صفائی کا خیال رکھنا ہم سب کا فرض ہے۔ ہمیں اپنے گھر شہر اور وطن، ہر جگہ ماحول کو صاف رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

۱۔ ہم جہاں رہتے اور زندگی گزارتے ہیں وہ ہمارا ماحول ہے۔
۲۔ ہمارے آس پاس رہنے والے جانور ، پرندے ، درخت ، پودے ، پانی ، سورج ، چاند ، ستارے ، بادل ، جھیلیں ، دریا ، پہاڑ وغیرہ یہ سب قدرتی ماحول کا حصہ ہیں۔
۳۔ کوڑا کرکٹ اور گندے پانی کی وجہ سے مچھر اور طرح طرح کے جراثیم پیدا ہوتے ہیں جو ملیریا اور دوسری بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔
۴۔ ہم اپنی گلی ، محلے ، گاؤں یا شہر کو صاف ستھرا رکھ کر اپنے ماحول کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

(ب) الفاظ پڑھیے اور لکھیے:

(۱) چاروں طرف (۲) کیڑے مکوڑے (۳) اردگرد (۴) گندگی (۵) قابو

(ج) الفاظ بنایئے: ( جیسے : قدرت سے قدرتی )

- طلبا میں الفاظ کو دوسری حالت میں تبدیلی لانے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے تختۂ سیاہ پر الفاظ لکھنے کے ساتھ آسان طریقے سے سمجھایئے کہ ''لفظ کی آخر میں (ی) کا اضافہ کرنے سے لفظ کے معنی میں فرق آتا ہے۔ بعد میں طلبا سبق میں سے کچھ دوسرے الفاظ تبدیل کر کے کاپی میں لکھ کر لائیں گے۔

۱۔ روشن روشنی
۲۔ نشان نشانی
۳۔ انسان انسانی
۴۔ امتحان امتحانی
۵۔ انعام انعامی

(د) مناسب لفظ چونڊي جملا مڪمل ڪريو:

- بليڪ بورڊ تي اڻپورا جملا لکي اشاري طور هڪ سِٽ ۾ مناسب لفظ پڻ لکيا ويندا. شاگرد صحيح لفظ چونڊي جملا مڪمل ڪندا. جن شاگردن جو جواب درست هوندو, انهن کي استاد شاباس ڏيندو. جيڪي شاگرد غلط جواب لکندا, استاد سندن رهنمائي ڪندو. ( هوندو ، هو ، آهي ، هئا )

(1) سياڻي عيد جو ڏينهن ................................ . ( آهي )

(2) علي ڪالهہَ اسڪول ڪونہ آيو.......................... . (هوندو)

(3) سبزيءَ وارو آيو........................... . (هو)

(4) آسمان ۾ تارا نظر اچي رهيا ..................... . ( هئا )

(هہ) لفظن جا ضدَ:

- شاگردن کي پهريون لفظ ۽ ضدَ بابت ڄاڻ ڏني ويندي تہ ڪنهن بہ لفظ جي اُبتڙ معنيٰ ڏيڪاريندڙ لفظ کي ان جو ضدُ چئبو آهي. جيئن : زمين جو اُبتڙ آسمان ٿيندو.

سمجهاڻيءَ ڪانپوءِ استادُ بليڪ بورڊ تي سبق جي مشق جا لفظ لکي انهن جا ضدَ لکندو ۽ معنيٰ سمجهائيندو.

| لفظ | ضدَ |
|---|---|
| شروع | آخر |
| صاف | گندو |
| بهتر | بدتر |
| گهڻا | ٿورا |

(و) ماحول بابت ڪجهہ جملا ٺاهيو :

- استاد ڪلاس جي سيني شاگردن کي هن مشق ۾ حصو وٺڻ جو موقعو ڏيندو. جن شاگردن جا جملا گرامر جي مطابق, درست هوندا, اهي بليڪ بورڊ تي لکيا ويندا. کين ڪاپيءَ ۾ لکڻ جي هدايت ڪئي ويندي. جملن سان گڏ شاگردن جي لکائيءَ تي پڻ توجهہ ڏنو ويندو.

| لفظ | جملا |
|---|---|
| ماحول | ماحول کي صاف سٿرو رکڻ سان صحت برقرار رهي ٿي.<br>ٻارن کي صاف ماحول ۾ رهڻ جي تربيت ڏيڻ گهرجي.<br>گاڏين جي دونهين سان بہ ماحول تي خراب اثر پوي ٿو.<br>ماحول جي گدلاڻ سان بيماريون پيدا ٿين ٿيون.<br>صفائي نہ ٿيڻ ڪري ماحول تي بُرو اثر پوي ٿو<br>هميشہ صاف سٿري ماحول ۾ رهڻ گهرجي. |

(د) مناسب الفاظ منتخب کر کے جملے مکمل کیجیے:

- تختۂ سیاہ پر نامکمل جملے لکھ کر اشارے کے طور پر ایک سطر میں مناسب الفاظ بھی لکھے جائیں۔ طلبا جملوں کے مطابق درست الفاظ منتخب کر کے جملے مکمل کریں گے۔ جن طلبا کا جواب درست ہو انھیں شاباش دیجیے، جو طلبا غلط لکھیں ان کی رہنمائی کیجیے۔

( ہوگا ، تھا ، ہے ، تھے )

(۱) کل عید کا دن ................. ( ہے )

(۲) علی کل اسکول نہیں آیا ................. ( تھا )

(۳) سبزی والا آیا ................. ( تھا )

(۴) آسمان پر ستارے نظر آرہے ................. ( تھے )

(ہ) الفاظ کے متضاد:

- طلبا کو سب سے پہلے الفاظ اور ضد کے متعلق معلومات دیجیے کہ کسی بھی لفظ کا الٹا مطلب ظاہر کرنے والا لفظ اس لفظ کی ضد کہلاتا ہے۔

مثال: زمین کا الٹ آسمان ہوگا۔

سمجھانے کے بعد تختۂ سیاہ پر سبق کی مشق کے الفاظ اور ضد لکھ کر معنی کے ساتھ سمجھایئے۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| شروع | آخر |
| صاف | گندا |
| بہتر | بدتر |
| زیادہ | کم |

(و) ماحول کے متعلق کچھ جملے بنایئے:

- کمرۂ جماعت کے تمام طلبا کو اس مشق میں حصہ لینے کا موقع دیجیے۔ جن طلبا کے جملے قواعد کے مطابق درست ہوں، وہ تختۂ سیاہ پر لکھیے اور انھیں اپنی کاپی میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ جملوں کے ساتھ طلبا کی خوشخطی پر بھی توجہ دیجیے۔

| لفظ | جملے |
|---|---|
| ماحول | ماحول کو صاف ستھرا رکھنے سے صحت برقرار رہتی ہے۔<br>بچوں کو صاف ماحول میں رہنے کی تربیت دینی چاہیے۔<br>گاڑیوں کے دھوئیں سے بھی ماحول پر خراب اثرات پڑتے ہیں۔<br>ماحول کی گندگی سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔<br>صفائی نہ ہونے کی وجہ سے ماحول پر برا اثر پڑتا ہے۔<br>ہمیشہ صاف ستھرے ماحول میں رہنا چاہیے۔ |

### سرگرميون ( اُتساھہ)

- شاگردن جون ٻہ ٽوليون ٺاھي ھر ھڪ ٽوليءَ کي پاڻ ۾ صلاح مشورو ڪرڻ لاءِ چيو ويندو. ٻئي ٽوليون ھيٺ ڏنل عنوان مطابق ڪلاس ۾ پنھنجو پنھنجو ڪم ڪنديون.
- عنوان ( ماحول کي صاف سٿرو رکڻ لاءِ ڪھڙا اُپاءَ وٺڻ گھرجن )
- نوَن لفظن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪيو ويندو، لفظ ۽ انھن جي معنيٰ سمجھائي ويندي.

نوان لفظ : چوگرد، گدلاڻ، صاف سٿرو.

سرگرمیاں:

- طلبا کے دو گروپ بنا کر انھیں آپس میں مشورہ کرنے کی ہدایت دیجیے۔ دونوں گروہ مندرجہ ذیل عنوان کے مطابق کمرۂ جماعت میں بیٹھ کر اپنا اپنا کام انجام دیں گے۔
- عنوان: ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔
- نئے الفاظ کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے اور ان کے معنی سمجھائیے۔

نئے الفاظ: چاروں طرف سے، گندگی، صاف ستھرا۔

# ڪمپيوٽر

## مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگرد ڪمپيوٽر بابت ڄاڻ حاصل ڪري سگهن.
- ڪمپيوٽر ۽ ان جي حصن بابت معلومات حاصل ڪندا .
- ڪمپيوٽر جا فائدا ۽ استعمال بابت سمجهي سگهن .
- مشق جا سوال حل ڪرڻ جي صلاحيت پيدا ٿي سگهندي .

## امدادي سامان

- هڪ عدد ڪمپيوٽر۽ پروجيڪٽر
- هڪ چارٽ تي نوان لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3, صفحو نمبر 26

## سکيا جو طريقو

- استادُ ٻارن کي ڪمپيوٽر بابت ڄاڻ ڏيندو. سائنس ايتري تہ ترقي ڪئي آهي. جو انسان ڪي ڪو بہ ڪم سر انجام ڏيڻ ۾ پريشاني نہ ٿي ٿئي. سائنس جي ايجادن ۾ سڀ کان وڏيڪ فائديمند ڪمپيوٽر جي ايجاد آهي جنهن پوري دنيا کي پاڻ ۾ ڳنڍي ڇڏيو آهي. دنيا ۾ هاڻي هر اداري ۾ هر ڪم ڪمپيوٽر جي مدد سان ٿو ڪيووڃي. اوهان کي بہ اڄ جي سبق ۾ ڪمپيوٽر بابت معلومات ڏني ويندي.
- استادُ سبق جو اعلان ڪندو.
- ڪمپيوٽر۽ پروجيڪٽرعملي تجربي لاءِ ڪلاس ۾ رکيا ويندا. شاگردن کي هدايت ڪئي ويندي تہ ڪلاس ۾ نظم ۽ ضبط جو وڌ ۾ وڌ خيال ڪن.
- استاد پنهنجي پوري صلاحيت ۽ قابليت سان, لفظن جي صحيح اچار ۽ وضاحت سان بلند آواز ۾ سبق پڙهندو. استاد سبق جي جملن ۽ عبارت مطابق پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو تہ جيئن سبق ۾ شاگردن جو توجهہ ۽ دلچسپي پيدا ٿئي.
- سبق جي هر هڪ جملي کي واضح ۽ آسان لفظن ۾ سمجهائڻ کان پوءِ شاگردن کان بلند آواز ۾ سبق پڙهايو ويندو. جيڪي شاگرد ڏکيا لفظ اُچاري نہ سگهندا, انهن کي لفظن جي درست ادائگي سمجهائي ويندي. جيڪي شاگردَ لفظن جو صحيح اُچار پڙهي سگهندا استاد انهن جي حوصلي افزائي لاءِ سندن ساراهہ ڪندو, ٻين شاگردن ۾ بہ صلاحيتون پيدا ڪرڻ لاءِ انهن جي رهنمائي ڪئي ويندي .

سبق نمبر ۷

# کمپیوٹر

## مقاصد

سبق کے اختتام پر :

- طلبا کمپیوٹر کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔
- کمپیوٹر اور اس کے حصوں کے متعلق معلومات حاصل کریں۔
- کمپیوٹر کے فوائد اور اس کے استعمال کے متعلق سمجھ سکیں۔
- مشق کے سوالات حل کرنے کی صلاحیت پیدا ہو سکے۔

## امدادی اشیا

- ایک عدد کمپیوٹر اور پروجیکٹر
- ایک چارٹ پر نئے الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳ ،صفحہ نمبر ۲۶

## طریقۂ تدریس

- طلبا کو کمپیوٹر کے متعلق معلومات دیجیے۔ سائنس اتنی ترقی کر چکی ہے کہ اب انسان کو کوئی بھی کام انجام دینے میں پریشانی نہیں ہوتی۔ سائنسی ایجادات میں سب سے زیادہ کارآمد ایجاد کمپیوٹر ہے جس نے پوری دنیا کو آپس میں جوڑ دیا ہے۔ دنیا میں تقریباً ہر ادارے میں کمپیوٹر کی مدد سے کام کیے جا رہے ہیں۔ آج اس سبق کی مدد سے طلبا کو کمپیوٹر کی معلومات دیجیے۔
- سبق کا اعلان کیجیے۔
- کمپیوٹر اور پروجیکٹر عملی تجربے کے لیے کمرۂ جماعت میں رکھیے۔ طلبا کو نظم و ضبط کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت کیجیے۔
- سبق کی بلند خوانی اپنی قابلیت اور مکمل صلاحیت کے ساتھ ، الفاظ کی درست ادائیگی اور وضاحت کے ساتھ کیجیے۔ سبق کی عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تاکہ طلبا کی سبق میں دلچسپی اور توجہ پیدا ہو۔
- سبق کا ہر ایک جملہ آسان الفاظ میں سمجھانے کے بعد طلبا سے سبق کی بلند خوانی کروائیے۔ جو طلبا مشکل الفاظ کی درست ادائیگی نہ کر پائیں ، انھیں الفاظ کی درست ادائیگی سمجھائیے۔ جن طلبا کی بلند خوانی بہتر ہو ، ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی تعریف کیجیے۔ کمرۂ جماعت کے باقی طلبا میں بھی صلاحیتیں پیدا کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کیجیے۔

## حل ٿيل مَشقَ

( الف ) سوالن جا جواب:

1. اسان ڪي بورڊ جي مدد سان ڪو بہ سوال يا ڪم جو نالو ٽائيپ ڪندا آهيون .
2. مائوس سان اسان اسڪرين تي موجود شين کي کولي، بند ڪري يا هيڏانهن هوڏانهن ڪري سگهندا آهيون.
3. مانيٽر ٽي وي جيان هوندو آهي، اهو سي پي يو جي ڪيل ڪم کي اسان جي سامهون اسڪرين تي آڻيندو آهي.

( ب ) لفظ پڙهو ۽ لکو:

الفاظ:(1) ڪوڙسارا (2) جهٽ (3) آڏو (4) ڪلاس واسي (5) چاڙَ (6) معلومات (7) پيش

(ج) خالي جايون پريو:

- ٻارن جي پروڙ جو جائزو وٺڻ لاءِ استادُ بليڪ بورڊ تي اڻپورا جملا لکي شاگردن کان خالي جاءِ تي صحيح لفظ لکرائيندو. جن شاگردن جو جواب غلط هوندو انهن کي هڪ پاسي ويهاريو ويندو. جيڪي شاگرد جواب درست لکندا، استاد کين شاباس ڏيندو بعد ۾ غلط جواب ڏيندڙ شاگردن کي آسان طريقي سان سمجهائي سندن رهنمائي ڪئي ويندي.

1. ڪمپيوٽر جي دٻي کي سي پي يو چئبو آهي .
2. ڪمپيوٽر ڪوڙسارا سوال حل ڪري ٿو.
3. اسان ڪي بورڊ جي مدد سان ڪمپيوٽر کان سوال پڇندا آهيون.

(د) اکر وجهي لفظ ٺاهيو:

- استاد بليڪ بورڊ تي ڪجهہ خانا ٺاهي ٻارن کي چوندو تہ وچ واري خاني جو ڪٿل اکر وجهي اهي لفظ مڪمل ڪريو. ٻارن کي اهو سمجهايو ويندو تہ اکر اهڙو لکن جنهن سان ٻہ لفظ ٺهي پون.

| | | |
|---|---|---|
| | ر | |
| ٿ | | س |
| | ت | |

| | | |
|---|---|---|
| | ر | |
| ٿ | ا | س |
| | ت | |

- وچ واري اڻپوري خاني ۾ هڪ اکر " ا " استعمال ڪرڻ سان ٻہ لفظ ٺهي پيا آهن.

( 1 ) رات ( 2 ) ساٿ

(هہ) تصوير ڏسي نالا لکو

- شاگردن کان تصويرن جي سُجاڻپ ڪرائي ڪتاب ۾ انهن تصويرن جي هيٺيان نالا لکرايا ويندا. بعد ۾ استاد انهن تصويرن جا نالا بليڪ بورڊ تي لکي سمجهائيندو.

(1) مانيٽر (2) ڪي بورڊ (3) مائوس (4) سي پي يو

## سرگرميون ( اُتساهہ)

- سبق جي نوَن لفظن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪندو.انهن لفظن جي معنيٰ واضح ڪري سمجهائيندو.
  نوان لفظ : آڏو ، چاڙَ ، ڪوڙسارا

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

ا۔ ہم کی بورڈ کی مدد سے کوئی بھی سوال یا کام کا نام ٹائپ کر سکتے ہیں۔

۲۔ ماؤس کی مدد سے ہم اسکرین پر موجود پروگرام کھولتے اور بند کر سکتے ہیں یا اِدھر سے ادھر کر سکتے ہیں۔

۳۔ مانیٹر ٹی وی کی طرح ہوتا ہے۔ وہ سی-پی-یو کے کام کو ہمارے سامنے اسکرین پر لاتا ہے۔

(ب) الفاظ پڑھیے اور لکھیے:

الفاظ کے معنی: (ا) بہت سارے (۲) فوراً (۳) سامنے (۴) ہم جماعت (۵) معلومات (۶) حاضر/پیش

(ج) خالی جگہیں پر کریں:

- طلبا کی ذہانت کا جائزہ لیتے ہوئے تختۂ سیاہ پر نامکمل جملے لکھ کر طلبا سے خالی جگہوں پر درست الفاظ لکھوائیے۔

(ا) کمپیوٹر کے ڈبے کو ................. کہا جاتا ہے۔ (سی-پی-یو)

(۲) ................. بہت سارے سوالات حل کرتا ہے۔ (کمپیوٹر)

(۳) ہم ................. کی مدد سے کمپیوٹر سے سوالات کرتے ہیں۔ (کی بورڈ)

(د) حرف ملا کر لفظ بنائیے:

- تختۂ سیاہ پر کچھ خانے بنا کر طلبا سے کہیے کہ درمیان والے خانے میں مناسب حرف لکھ کر لفظ مکمل کیجیے۔ بچوں کو یہ بھی سمجھائیے کہ وہ حرف لکھیں جس سے دو الفاظ بن جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | ر | |
| تھ | | س |
| | ت | |

| | | |
|---|---|---|
| | ر | |
| تھ | ا | س |
| | ت | |

- درمیان والے نامکمل خانے میں ایک حرف ''الف'' استعمال کرنے سے دو الفاظ بن گئے ہیں۔

(ا) رات (۲) ساتھ

(ہ) تصویر دیکھ کر نام لکھیے:

- طلبا سے تصاویر کی شناخت کروائیے اور کتاب میں ان تصاویر کے نیچے نام لکھوائیے۔ بعد میں وہ نام تختۂ سیاہ پر لکھ کر سمجھائیے۔ اس طرح طلبا کو کمپیوٹر کے لوازمات کی تصاویر کے متعلق معلومات حاصل ہو جائے گی۔

(ا) مانیٹر (۲) کی بورڈ (۳) ماؤس (۴) سی پی یو

## سرگرمیاں

- سبق کے نئے الفاظ کا چارٹ تختۂ سیاہ پر آویزاں کیجیے اور ان الفاظ کے معنی سمجھائیے۔

نئے الفاظ۔ سامنے، معلومات، بہت سارے۔

سبق اٺون

# سال جون مُندون

## مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگرد مندن جي باري ۾ ڄاڻ حاصل ڪن.
- مُند مطابق زمين مان حاصل ٿيندڙ فصلن بابت ڄاڻ حاصل ڪن.
- سنڌي پڙهڻ ۽ سمجهڻ جي صلاحيت پيدا ٿي سگهندي.
- نوَن لفظن جي ڄاڻ حاصل ڪن.

## امدادي سامان

- چٹني مُندن جي تصويرن جو چارٽ
- هڪ چارٽ تي نوان لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح طور تي لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3، صفحو نمبر 29

## سکيا جو طريقو

- استاد شاگردن کان سوال ڪندو ته: (1) اسان کي جون ۽ جولاءِ جون موڪلون ڇو ملنديون آهن؟ گرميءَ سبب (2) جنوريءَ ۾ اسين ڪوٽ ۽ گرم ڪپڙا ڇو پهريندا آهيون؟ سيءَ جي ڪري (3) ڪڏهن گرمي ته ڪڏهن سيءُ ڇا لاءِ ٿيندو آهي؟ مُندون بدلبيون آهن.
- جيڪڏهن ٻار آمادگيءَ جي سوالن جي مدد سان عنوان تائين نه پُهچي سگهن ته استاد پاڻ ئي مُندن بابت سمجهائي سبق جو اعلان ڪندو.
- چٹني مندن جي تصويرن جو چارٽ بليڪ بورڊ تي آويزان ڪندو.
- سبق جي هر هڪ عبارت بلند آواز ۾، لفظن جي صحيح اُچار ۽ وضاحت سان پڙهي ويندي، استاد سبق جي جملن ۽ عبارت مطابق پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو ته جيئن سبق ۾ شاگردن جو توجهه ۽ دلچسپي پيدا ٿئي. بلند آواز ۾ پڙهائيءَ دوران امدادي شين جو استعمال پڻ ڪيو ويندو.
- شاگردن کان سبق بلند آواز ۾ پڙهايو ويندو. جيڪي شاگرد ڏکيا لفظ اُچاري نه سگهندا انهن کي لفظن جي درست ادائگي سمجهائي ويندي. جيڪي شاگردَ لفظن جو صحيح اُچار پڙهي سگهندا اُستادُ انهن جي حوصلي افزائي ڪندو.

سبق نمبر ۸

# سال کے موسم

## خاص مقاصد

سبق کے اختتام پر طلبا:

- موسم کے متعلق معلومات حاصل کر سکیں۔
- موسم کے مطابق زمین سے پیدا ہونے والی فصلوں کے متعلق معلومات حاصل کریں۔
- سندھی پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو سکے۔
- نئے الفاظ کی معلومات میں اضافہ ہو۔

## امدادی اشیا

- چاروں موسموں کی تصاویر کا چارٹ
- ایک چارٹ پر نئے الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳ ،صفحہ نمبر ۲۹

## طریقہ تدریس

- آمادگی میں طلبا سے سوالات کیجیے کہ: (۱) بچّو! ہمیں جون اور جولائی کی چھٹیاں کیوں ملتی ہیں؟ گرمی کی وجہ سے۔ (۲) جنوری میں ہم گرم کپڑے کیوں پہنتے ہیں؟ سردی کی وجہ سے۔ (۳) کبھی گرمی تو کبھی سردی کیوں ہوتی ہے؟ موسم بدلتے رہتے ہیں۔
- اگر طلبا سوالات کی مدد سے عنوان سمجھ نہ سکیں تو خود ہی موسم کے متعلق معلومات دیتے ہوئے سبق کا اعلان کیجیے۔
- سبق کا اعلان کیجیے۔
- سبق کی ہر عبارت کی بلند خوانی الفاظ کی درست ادائیگی اور وضاحت کے ساتھ کیجیے۔ سبق کی ہر عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تاکہ طلبا کی سبق میں دلچسپی پیدا ہو۔ بلند خوانی کے دوران امدادی اشیا کا استعمال بھی کیجیے۔ بلند خوانی مکمل ہوتے ہی سبق کا حاصل مقصد ضرور بتائیے۔
- طلبا سے سبق کی بلند خوانی کروائیے۔ جو طلبا مشکل الفاظ کی درست ادائیگی نہ کر پائیں انھیں الفاظ کی درست ادائیگی سمجھائیے۔ جو طلبا بہتر طریقے سے بلند خوانی کریں ، ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی تعریف کریں۔

سبق متعلق ڪجھ سوال:

1. موسم ۽ مند ۾ ڪھڙو فرق آهي؟
2. ڪھڙي مُند ۾ ساوڪ ئي ساوڪ ٿي ويندي آهي؟
3. اسين گرم ڪاڏا ڪھڙي مند ۾ ڪائيندا آهيون؟
4. ربيع ڇا کي چيو ويندو آهي؟
5. وڻن جا پَنَ ڪھڙي مند ۾ ڇڻي ويندا آهن؟

سوالن جا جواب:

1. موسم روز تبديل ٿيندي آهي ۽ مُندَ رُڳو پنھنجي وقت تي ئي تبديل ٿيندي آهي
2. بھار جي مُند ۾ ساوڪ ئي ساوڪ ٿي ويندي آهي.
3. اسين گرم ڪاڏا سياري جي مند ۾ ڪائيندا آهيون.
4. سياري ۾ اسان وٽ جيڪي فصل ٿين ٿا تن کي ربيع جا فصل چيو ويندو آهي.
5. سُرءَ جي مُندَ ۾وڻن جا پَنَ ڇڻي ويندا آهن.

## حل ٿيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب:

- شاگردن کي مشق جي سوالن جا جواب ڏيڻ جو موقعو ڏنو ويندو. استاد ، شاگردن کي سوالن جا جواب ڳولھڻ جو وقت ڏيندو. پوءِ شاگردن کان سوال پڇڻ جو سلسلو شروع ڪيو ويندو.

1. سال ۾ چار مُندون ٿينديون آهن.
2. سياري ۾ ٿڌ هوندي آهي، اتر جي هوا لڳندي آهيۓ ماڻھو گرم ڪپڙا پائيندا آهن. سِج جي اُسَ جسم کي پئي وڻندي آهي.
3. بھار جي مُندَ ۾ هر جاندار خوش نظر ايندو آهي.

(ب) لفظ پڙهو ۽ لکو:

- سبق پڙهڻ، لکڻ ۽ سمجھڻ لاءِ ٻارن کي بلند آواز ۾ وڏ ۾ وڏ پڙهائڻ گھرجي. پوءِ اها عبارت جي صورت ۾ هُجي يا لفظن جي صورت ۾ هُجي. ٻار جنھن لفظ جو درست اُچار نہ پڙهي سگھي، استادُ شفقت سان ان جي رهنمائي ڪري. هن سبق جا ڪجھ لفظ ڪلاس جي ٻارن کان پڙهايا ۽ لکرايا ويندا. بعد ۾ بليڪ بورڊ تي انھن لفظن جي معنيٰ لکي آسان لفظن ۾ سمجھائي ويندي.

الفاظ: (1) مُندَ (2) ٺڙندا (3) مَنجي (4) وڻندڙ (5) جامَ (6) ساوڪ (7) ڇڻي (8)

(ج) ڇا ۽ ڇو ضمير آهن .انھن کي هيٺين جملن ۾ استعمال ڪريو:

- شاگردن کي سمجھايو ويندو تہ ڳالھ ٻولھ دوران ڪجھ لفظ ضمير هوندا آهن. هن مشق جي ذريعي اسين ضمير بابت سکيا حاصل ڪندا سين.

سبق کے متعلق کچھ سوالات:

نوٹ: سندھی میں موسم اور مند کی وضاحت میں فرق ہے لیکن اُردو میں دونوں الفاظ کے لیے ایک ہی لفظ موسم استعمال کیا جاتا ہے۔

۱۔ موسمی حالت اور موسم میں کیا فرق ہے؟

۲۔ کس موسم میں ہریالی ہو جاتی ہے؟

۳۔ ہم گرم کھانے کس موسم میں کھاتے ہیں؟

۴۔ ربیع کی فصل کسے کہتے ہیں؟

۵۔ درختوں کے پتے کس موسم میں جھڑ جاتے ہیں؟

سوالات کے جوابات:

۱۔ موسمی حالت روز بدلتی ہے۔ اور موسم صرف اپنے وقت پر تبدیل ہوتا ہے۔

۲۔ موسم بہار میں ہر طرف ہریالی ہوتی ہے۔

۳۔ ہم گرم کھانے موسم سرما میں کھاتے ہیں۔

۴۔ سردیوں میں جو فصلیں ہوتی ہیں انھیں ربیع کی فصل کہا جاتا ہے۔

۵۔ خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

- طلبا کو مشقی سوالات کے جوابات دینے کا موقع فراہم کیجیے اور جوابات تلاش کرنے کا وقت دیجیے۔ بعد میں طلبا سے سوالات کا سلسلہ شروع کیجیے۔

۱۔ سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔

۲۔ سردیوں میں ٹھنڈ پڑتی ہے۔ شمال کی سرد ہوائیں چلتی ہیں اور لوگ گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ سورج کی دھوپ جسم کو بھلی لگتی ہے۔

۳۔ موسم بہار میں ہر جاندار خوش نظر آتا ہے۔

(ب) الفاظ پڑھیے اور لکھیے:

- سبق پڑھنے اور سمجھنے کے لیے طلبا سے زیادہ سے زیادہ بلند خوانی کروائیے۔ خواہ وہ عبارت کی صورت میں ہو یا الفاظ کی صورت میں۔ جو بچہ لفظ کی درست ادائیگی نہیں کر پائے، بڑی شفقت کے ساتھ اس کی رہنمائی کیجیے۔ اس سبق کے کچھ الفاظ طلبا سے پڑھوائیے اور لکھوائیے۔ بعد میں ان الفاظ کے معنی تختۂ سیاہ پر لکھ کر سمجھائیے۔

الفاظ کے معنی: (۱) موسم (۲) کھلیں گے (۳) تبدیل ہو (۴) پیاری (۵) بہت (۶) ہریالی (۷) جھڑ جائے

(ج) کیا اور کیوں ضمیر ہیں، انھیں مندرجہ ذیل جملوں میں استعمال کیجیے:

- طلبا کو سمجھائیے کہ بات چیت کے دوران کچھ الفاظ کا تعلق ضمیر سے ہوتا ہے۔ اس مشق کی مدد سے ضمیر کے متعلق معلومات دیجیے۔

ضمير جي وصفَ:

- اُهي لفظ جيڪي اسم جي بدران ڪم اچن، انهن کي ضمير چئبو آهي.
  جيئن : هو، توهان ، هي ، اسان ، آءُ ، مان ، اهو، ڇا ، ڇو وغيره.
  ضمير
  (1) اوهان وڃي رهيا آهيو. (1) هي ڇا آهي؟
  (2) ايمان اڄ اسڪول نہ آئي آهي. (2) آخر ائين ڇو ٿيو؟

(د) لفظن جا مُذڪر ۽ مؤنث لکو :

- پهرين مذڪر ۽ مؤنث بابت ڄاڻ ڏني ويندي.
- دنيا ۾ انسان، جانور، پکي پکڻ ۽ جيت جڻا هر شيءِ جو نر ۽ مادُ ٿيندو آهي. مطلب تہ مُذڪر ۽ مؤنث هوندو آهي. جيئن : عورت ۽ مرد . ( عورت مؤنث ۾ ۽ مردُ مُذڪر ۾ اچي ٿو. اهڙي طرح هر لفظ جو شمار بہ مُذڪر ۽ مؤنث ۾ ٿيندو آهي.
- بليڪ بورڊ تي مشق جا مُذڪر ۽ مؤنث لفظ لکيا ويندا. استاد انهن لفظن جا مذڪر ۽ مؤنث لکندو.

| مُذڪر | مؤنث |
|---|---|
| گهوڙو<br>پُٽُ<br>ابو<br>ڪبوتر | گهوڙي<br>نياڻي<br>امڙ<br>ڪبوتري |

( هہ ) پسند جي مُند مطابق پنهنجن لفظن ۾بيان ڪريو.

- اوهان کي ڪهڙي مُندَ وڌيڪ وڻندي آهي پنهنجن لفظن ۾ بيان ڪريو.
- شاگردن کي پنهنجن خيالن جي اظهار جو موقعو ڏنو ويندو. هر هڪ شاگردُ بليڪ بورڊ جي آڏو اچي خيالن جو اظهار ڪندو. استاد سندن رهنمائي ڪندو ۽ حوصلي افزائي پڻ ڪندو.

## سرگرميون ( اُتساهہ)

نوان لفظ : مُندَ ، مٽجي ، ٻُورُ

- استاد، شاگردن جا ٻہ ٽولا ٺاهي ٻنهي کي ڌار ڌار عنوان ڏيندو. هر هڪ پنهنجي پنهنجي عنوان مطابق تياري ڪري سيني جي آڏو پنهنجن خيالن جو اظهار ڪندو. جنهن ٽولي جي ڪارڪردگي وڌيڪ سٺي هوندي استاد انهن جا نالا ڪلاس جي سرگرمين واري بورڊ تي هڪ چارٽ جي صورت ۾ آويزان ڪندو.
  عنوان.
  (1) بهار جون نشانيون ۽ فائدا
  (2) اونهاري جون نشانيون ۽ فصل.

ضمیر کی تعریف: وہ الفاظ جو ضمیر کی جگہ استعمال ہوں ، انھیں ضمیر کہا جاتا ہے۔

مثال : وہ ، آپ ، یہ ، ہم ، میں ، یہ کیا ، کیوں وغیرہ

ضمیر: (۱) آپ جا رہے ہیں۔ (۱) یہ کیا ہے؟

(۲) ایمان آج اسکول نہیں آئی ہے۔ (۲) آخر ایسا کیوں ہوا؟

(د) الفاظ کے مذکر اور مونث لکھیں:

- سب سے پہلے مذکر اور مونث کے متعلق معلومات دیجیے۔
- دنیا میں انسان ، جانور ، پرندے اور کیڑے مکوڑے وغیرہ ہر چیز کا نر اور مادہ یعنی مذکر اور مونث ہوتا ہے۔

مثلاً: عورت اور مرد ( عورت مونث اور مرد مذکر میں شمار ہوتے ہیں )۔ اسی طرح ہر لفظ کا شمار مذکر یا مونث الفاظ میں ہوتا ہے۔

- تختۂ سیاہ پر مشق کے مذکر اور مونث الفاظ لکھیے اور ان کے سامنے مذکر کے مونث اور مونث الفاظ کے مذکر لکھیے۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| گھوڑا | گھوڑی |
| بیٹا | بیٹی |
| ابو | امی |
| کبوتر | کبوتری |

(ہ) اپنی پسند کا موسم اپنے الفاظ میں بیان کریں:

- آپ کو کون سا موسم زیادہ پسند ہے؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

طلبا کو اظہارِ خیال کا موقع فراہم کیجیے۔ ہر طالب علم تختۂ سیاہ کے سامنے آ کر اظہارِ خیال کرے گا۔ اس دوران طلبا کی بھرپور رہنمائی اور حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں

نئے الفاظ: موسم ، تبدیل ہو ، بور۔

- طلبا کے دو گروپ بنائیے انھیں علیحدہ علیحدہ عنوان دیجیے۔ دونوں اپنے عنوان کے مطابق تیاری کر کے سب کے سامنے اپنے خیالات پیش کریں گے۔ جس گروپ کی کارکردگی قابل تعریف ہو ان کے نام کمرۂ جماعت میں ایک چارٹ پر آویزاں کیے جائیں۔

### عنوان:

(۱) موسم بہار کی علامات اور اس موسم کے فوائد

(۲) موسم گرما کی علامات اور فصلیں



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

سبق نائون

# عقلمند بيوقوف

## مقصد

سبق جي پُڄاڻيءَ تي:

- شاگردَ آخرت بابت نصيحت حاصل ڪري سگهن .
- دنيا ۽ آخرت جي حقيقت کان واقف ٿين.
- سنڌي پڙهڻ ۽ سمجهڻ جي صلاحيت پيدا ٿي سگهندي .
- نوان لفظ سکن .

## امدادي سامان

- هڪ چارٽ تي ڏکيا لفظ ۽ انهن جي معنيٰ واضح طور تي لکيل
- بليڪ بورڊ
- سَولي سنڌي ڪتابُ 3 ، صفحو نمبر 32

## سکيا جو طريقو

- آماديگيءَ ۾ استاد آخرت متعلق نصيحت آموز سمجهاڻي ڏيندو. الله تعاليٰ اسان انسانن کي هن دنيا ۾ پنهنجي عبادت جي لاءِ موڪليو آهي. الله تعاليٰ پنهنجن بندن جي رهنمائي لاءِ پيغمبر موڪليا تہ جيئن انسان الله جي حڪمن جي اطاعت ڪن . هن دنيا کي فاني سمجهندي آخرت جي تياري ڪن.
- حقيقي ۽ هميشہ واري زندگيءَ جي ڳڻتي ڪن . آخرت سنوارڻ لاءِ هر اهو ڪم ڪن جنهن لاءِ الله تعاليٰ حڪم فرمايو آهي. هن سبق ۾ بہ ليکڪ اسان کي دنيا جي پرواهہ کان وڌيڪ آخرت جي تياريءَ طرف توجهہ ڏيارڻ جي ڪوشش ڪئي آهي.
- استاد سبق جو اعلان ڪندو.
- استاد بلند آواز ۽ ڪهاڻيءَ واري انداز ۾ سبق پڙهندو. بلند آواز ۾ پڙهڻ دوران استاد عبارت ۽ جملن موجب پنهنجي چهري جي تاثر ۽ آواز ۾ پڻ تبديلي آڻيندو رهندو تہ جيئن سبق ۾ شاگردن جو توجهہ ۽ دلچسپي پيدا ٿئي.

## حل ٿيل مَشقَ

(الف) سوالن جا جواب:

1. امير شخص جو نوڪر سڄي شهر ۾ پنهنجي بيوقوفيءَ جي ڪري مشهور هو.
2. امير شخص نوڪر کي لڪڻ ڏنو.

سبق نمبر ۹

# عقلمند بیوقوف

## مقاصد

سبق کے اختتام پر:

- طلبا آخرت سے متعلق نصیحت حاصل کر سکیں۔
- دنیا اور آخرت کی حقیقت سے باخبر ہوں۔
- سندھی پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو سکے۔
- نئے الفاظ کی معلومات میں اضافہ ہو۔

## امدادی اشیا

- ایک چارٹ پر مشکل الفاظ اور ان کے معنی
- تختۂ سیاہ
- آسان سندھی کتاب ۳ ،صفحہ نمبر ۳۲

## طریقۂ تدریس

- آمادگی میں آخرت کے متعلق نصیحت آمیز انداز میں سمجھائیے۔اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس دنیا میں اپنی عبادت کے لیے بھیجا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی رہنمائی کے لیے پیغمبر بھیجے تا کہ انسان اللہ کے احکامات کی پیروی کریں اور اس دنیا کو فانی سمجھتے ہوئے آخرت کی تیاری کریں۔
- حقیقی اور ہمیشہ رہنے والی زندگی کی فکر کریں۔ اپنی آخرت بہتر بنانے کے لیے ہر وہ کام کریں جس کے لیے اللہ نے حکم دیا ہے۔ اس سبق میں مصنف نے دنیا سے زیادہ آخرت کی تیاری کی طرف توجہ دینے پر زور دیا ہے۔
- سبق کا اعلان کیجیے۔
- سبق کی بلند خوانی کہانی کے انداز میں کیجیے۔ بلند خوانی کے دوران عبارت اور جملوں کے مطابق اپنے چہرے کے انداز اور آواز میں تبدیلی لاتے رہیے تا کہ طلبا کی توجہ اور دلچسپی سبق کی طرف برقرار رہے۔

## حل شدہ مشق

(الف) سوالات کے جوابات:

